نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان کے درمیان ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے کاشتکاروں کو معلومات کی بروقت فراہمی کے معاہدہ پر دستخط کرنے کی تقریب کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں انعقاد۔

یہ معاہدہ کاشتکاروں کیلئے بروقت زرعی معلومات کا ذریعہ ثابت ہو گا۔وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور26جولائی2024: وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق پبلک پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ڈیجیٹل ایکسٹینشن سروسز کاشتکاروں کا مستقبل ہے۔زرعی معلومات کی منتقلی کیلئے ڈیجیٹل نیٹ ورک اور سوشل میڈیا کا استعمال آج کے دور میں لازم و ملزوم ہو چکا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان کے درمیان ہونے والا یہ معاہدہ کاشتکاروں کیلئے بروقت زرعی معلومات کا ذریعہ ثابت ہو گا۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین گرمانی نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان کے درمیان ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے زرعی معلومات کی بروقت فراہمی کے معاہدہ پر دستخط کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ موسمی تبدیلیوں کے مضر اثرات اور متنوع پیداوار کے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں تک فوری طور ایسی معلومات پہنچائی جائیں جس سے نہ صرف ان کی پیداواری لاگت میں کمی لائی جاسکے بلکہ یہ معلومات فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں بھی اضافہ کا سبب بھی بنے۔کاشتکاروں تک معلومات کی منتقلی کیلئے باخبر کسان اپنا پلان پیش کرے جس کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے گی۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب کو بریفنگ دیتے ہوئے پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد انجم علی نے بتایا کہ کاشتکاروں کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے پیسٹ الرٹ، موسم کے حال اور مصنوعی ذہانت کی مدد سے کھاد، پانی کے بہتر استعمال سے متعلق معلومات فراہم کی جائیں گی اور اس مقصد کے لیے باخبر کسان ہمارے ساتھ تعاون کرے گا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر باخبر کسان خضر عالم خان نے وزیر زراعت پنجاب کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ باخبر کسان ایگریکلچر ڈیجیٹل ہب کے طور پر کام کر رہا ہے اور بروقت 5 کروڑ کاشتکاروں کو پیغام پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان اس معاہدہ کی رو سے ڈیجیٹل نیٹ ورک کے ذریعے کاشتکاروں تک فصلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق معلومات پہنچائیں گے۔باخبر کسان صوبہ میں 450 موسمی پیشن گوئی کے اسٹیشنز بھی لانچ کر رہا ہے جس سے کسانوں کو موسم کا رئیل ٹائم ڈیٹا فراہم کیا جائے گا۔ تقریب میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆